سمعی مہارت کی مشقیں

مشق 6

متن

ڈاکٹر ابراہیم کا کلینک ہمارے محلے میں ہے۔ وہ بہت اچھے ڈاکٹر ہیں اور مریضوں کا خیال رکھتے ہیں۔ وہ ہر مریض سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں۔ وہ چھوٹے بچوں سے مسکرا کر ملتے ہیں اور انہیں اسٹیکرز بھی دیتے ہیں۔ بچے اور بڑے سبھی ڈاکٹر ابراہیم کو پسند کرتے ہیں۔ سب ان کی دی ہوئی ہدایات پر عمل کرتے ہیں اور دوا پابندی سے کھاتے ہیں۔ ڈاکٹر ابراہیم کو اپنا کام بہت پسند ہے۔

سوالات

سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)

ڈاکٹر ابراہیم کا _______ ہمارے محلے میں ہے۔ وہ بہت _______ ڈاکٹر ہیں اور مریضوں کا _______ رکھتے ہیں۔ وہ ہر _______ سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں۔ وہ چھوٹے بچوں سے _______ ملتے ہیں اور انہیں _______ بھی دیتے ہیں۔ بچے اور بڑے _______ ڈاکٹر ابراہیم کو پسند کرتے ہیں۔ سب ان کی دی ہوئی ہدایات پر _______ کرتے ہیں اور _______ پابندی سے کھاتے ہیں۔ ڈاکٹر ابراہیم کو اپنا _______ بہت پسند ہے۔

سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)

۱۔ ڈاکٹر ابراہیم کا _______ ہمارے محلے میں ہے۔

کلینک   آفس   گھر

۲۔ وہ __________ کا خیال رکھتے ہیں۔

بچوں   مریضوں   پڑوسیوں

۳۔ وہ ہر مریض سے ـــــــــــــــــ سے بات کرتے ہیں۔

نرمی　　　خوش اخلاقی　　　بدتمیزی

۴۔ وہ ـــــــــــــــ بچوں سے مسکرا کر ملتے ہیں۔

اچھے　　　چھوٹے　　　اپنے

۵۔ ڈاکٹر ابراہیم ـــــــــــــــ اسٹیکرز بھی دیتے ہیں۔

مریضوں کو　　　بڑوں کو　　　بچوں کو

۶۔ بچے انہیں بہت ـــــــــــــــ کرتے ہیں۔

ناپسند　　　پسند　　　تنگ

۷۔ ـــــــــــــــ ڈاکٹر ابراہیم کو پسند کرتے ہیں۔

بڑے بھی　　　پڑوسی بھی　　　سب ہی

۸۔ سب ان کی دی ہوئی ـــــــــــــــ پر عمل کرتے ہیں۔

پرچی　　　ہدایات　　　نصیحت

۹۔ ان کے مریض دوا ـــــــــــــــ سے کھاتے ہیں۔

ہاتھوں　　　پابندی　　　پانی

۱۰۔ ڈاکٹر ابراہیم کو ـــــــــــــــ کام بہت پسند ہے۔

سب کا　　　اپنا　　　شام کا

سننے کی مشق کے بعد بات چیت

ڈاکٹر ابراہیم کی کیا اچھی عادات ہیں جنہیں سب پسند کرتے ہیں ؟

کیا آپ کے محلے میں کوئی ڈاکٹر ہیں ؟ ان کے متعلق بتائیے ۔

****